آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

HARB E BAQA

روزنامہ حرب بقاء کوئٹہ

ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر
عارف محمود رانا

صفحات 4 / قیمت 5 روپے

جلد نمبر 8 بدھ 17 اگست 2022ء بمطابق 18 محرم الحرام 1444ھ شمارہ نمبر 106


# وفاقی محتسب کی ہدایت، کوئٹہ ائیرپورٹ پر بھی ون ونڈو سہولتی ڈیسک نے کام شروع کردیا

## رواں سال کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 66,746 شکایات نمٹائی گئیں۔ اعجاز احمد قریشی

## 90 لاکھ سے زائد بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ وفاقی محتسب



اسلام آباد (حرب بقاء کوئٹہ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر کوئٹہ ائرپورٹ پر بھی یکجا سہولتی ڈیسک نے کام شروع کر دیا ہے جہاں بیرون ملک پاکستانیوں سے متعلق بارہ سرکاری اداروں کے ذمہ داران چوبیس گھنٹے موجود رہتے ہیں اور موقع پر ہی مسافروں کی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ وفاقی محتسب نے بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لئے باقاعدہ الگ شعبہ قائم کر کے ایک ''سہولیاتی کمشنر'' مقرر کر رکھا ہے جس کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کے پہلے چھ ماہ کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 66,746 شکایات نمٹائی جا چکی ہیں۔ وفاقی محتسب نے بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لئے وزارت خارجہ سمیت تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ خصوصی اجلاس منعقد کر کے ان کو بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے پر زور دیا اور کہا ہے کہ نوے لاکھ سے زائد بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جو زر مبادلہ کی صورت میں کثیر رقم پاکستان بھجوا رہے ہیں۔ وفاقی محتسب کی ہدایت پر وزارت خارجہ میں بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے الگ سے ایک سینئر افسر کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جہاں قانونی معاونت کے لئے اسسٹنٹ لیگل ایڈوائزر کی خدمات بھی موجود ہیں۔ علاوہ ازیں تمام پاکستانی مشنز کی طرف سے بھی بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو قانونی مدد فراہم کی جاتی ہے اور بیرون ملک پاکستانی قیدیوں کی رہائی کے ساتھ ساتھ ان کی مالی معاونت بھی کی جاتی ہے۔ وفاقی محتسب کی ہدایت پر ائرپورٹس پر فرسٹ کلاس اور بزنس کلاس کے مسافروں کی امیگریشن اور چیکنگ کے لئے الگ کاؤنٹر قائم کئے گئے ہیں اور پاکستان کے 128 مشنز کے سربراہان کھلی کچہریوں کے علاوہ ہفتے میں ایک روز عام پاکستانیوں سے مل کر ان کی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ ان اقدامات کے باعث اس سال کی پہلی ششماہی میں موصول ہونے والی شکایات کی تعداد گزشتہ برس کی پہلی ششماہی کی نسبت دو سو گنا زیادہ ہوگئی ہے۔